educate.against.~~hate~~

والدین۔ اپنے بچوں کو انتہا ~~پسندی سے~~ محفوظ رکھنا۔

1. میں اپنے بچوں سے انتہاپسندی کے بارے میں کیسے بات کروں؟

کسی بچہ کے ساتھ سنجیدہ بات چیت کا آغاز کرنا کبھی بھی آسان نہیں ہوتا ہے۔ ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں آپ کے بچہ کو سہولت ہو اور ایسے وقت کا انتخاب کریں جب آپ کو مداخلت ہونے کا امکان نہ ہو۔ اس موضوع کو اٹھانے کا اچھا وقت وہ ہوتا ہے جب موضوع اور وقت کے درمیان مناسبت ہو، شاید اس وقت جب آپ دونوں ٹی وی پر انتہاپسندی کے بارے میں کچھ دیکھ رہے ہوں۔

- گفتگو میں مناسبت پیدا کریں
- ان کی رائے لیں
- پتہ لگائیں کہ انھیں اس موضوع کے بارے میں کتنا معلوم ہے
- ان کی بات دھیان سے سنیں
- ان سے ایسے سوالات کریں جن کے جواب ہاں یا نہیں میں نہ ہوں
- انھیں بغیر مداخلت کے بات کرنے دیں
- سوالات پوچھنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کریں
- انتہاپسندی کے بارے میں اپنے خود کے نظریات کے بارے میں بات کریں

2. میں اپنے بچوں کو آن لائن انتہاپسندی سے محفوظ کیسے رکھ سکتا ہوں؟

اپنے بچے سے آن لائن سلامتی کے بارے میں بات کریں، خطرات کی وضاحت کریں اور یقینی بنائیں کہ ان کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ محفوظ ہیں۔ والدینی قابو کا نظام نصب کریں تا کہ آپ ان کی رسائی والے مواد کی نگرانی کر سکیں۔

NSPCC نے آپ کے بچے کو محفوظ رکھنے میں مدد کرنے کے لیے مندرجہ ذیل مشورے تیار کیا ہے۔

- اپنے بچے کے ساتھ بات کریں کہ وہ آن لائن کیا کرتے ہیں
- ان سے کہیں کہ وہ آپ کو اپنی کچھ پسندیدہ ویب سائٹیں دکھلائیں
- ان کے آن لائن دوستوں میں دلچسپی کا مظاہرہ کریں
- ان سے پوچھیں کہ وہ یہ فیصلہ کس طرح کرتے ہیں کہ کس کے ساتھ دوستی کرنی ہے
- کوشش کریں کہ وہ آپ کو بھی آن لائن دوست بنا لیں
- وہ آن لائن کتنا وقت لگاتے ہیں اور کون سی سائٹس دیکھتے ہیں اسے اپنے اعتبار سے مناسب بنائیں
- ان کے آلات پر والدینی قابو نظام نصب کرنے کے بارے میں غور کریں
- نامناسب مواد کا مسئلہ اٹھائیں اور یہ پوچھیں کہ آیا انھوں نے اس طرح کا کوئی مواد دیکھا ہے
- یقینی بنائیں کہ انھیں یہ بات معلوم ہے کہ غلط استعمال کی آن لائن کیسے رپورٹ کرتے ہیں

3. بنیاد پرستی سے متاثر ہونے کی آن لائن انتباہی علامات کیا ہیں؟

بنیاد پرستی سے متاثر ہونے کا کوئی واحد ر استہ نہیں ہے۔ یہ عمل طویل مدت میں ہو سکتا ہے یا اس کا محرک کوئی خاص وقوعہ یا خبر ہو سکتی ہے۔ یہاں درج فہرست برتاؤ کی مدد سے آپ ممکنہ بنیاد پرستی کے عمل کی شناخت کر سکتے ہیں۔

آن لائن برتاؤ

- انتہاپسندانہ آن لائن مواد تک رسائی
- انتہاپسندانہ نظریات اور جماعتوں کے تئیں ہمدردی
- کسی انتہاپسند تنظیم سے جڑنا یا جڑنے کی کوشش کرنا
- آن لائن شناخت تبدیل کرنا

4. بنیاد پرستی سے متاثر ہونے کی رویہ جاتی علامات کیا ہیں؟

نوجوانوں کے ایسے معمول کے برتاؤ اور رویوں کے درمیان فرق کرنا مشکل ہو سکتا ہے جو اس بات کا پتہ دیتے ہیں کہ ممکن ہے آپ کا بچہ بنیاد پرستی کے اثرات کی زد پر ہو گیا ہے۔ آپ کسی دیگر شخص کے مقابلہ میں اپنے بچے کو بہتر طور پر جانتے ہیں، اس لیے اگر کچھ غلط محسوس ہو تو اپنی فطری صلاحیتوں پر بھروسہ کریں۔

بیرونی رویہ

- دوسرے نقطہ ہائے نظر کو نہ سننا
- جو لوگ مختلف ہیں ان کے تئیں بدزبانی
- سازشی نظریات کو ماننا
- مظلوم ہونے کا احساس
- دوستوں کو اور اپنی شکل بدلنا
- نئے مذہب کو اختیار کرلینا
- حرکات میں رازداری برتنا
- تدریجی طور پر حجت کرنے لگنا
- پرانے دوستوں سے خود کو دور کرنا
- جو چیزیں پہلے مزیدار ہوتی تھیں انھیں مزید نہ کرنا

5. اگر میرے خیال میں میرا بچہ بنیاد پرستی کا شکار ہو رہا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہئیے؟

اگر آپ کے خیال میں آپ کا بچہ بنیاد پرستی کا شکار ہو رہا ہے تو آپ کے پاس متعدد اختیارات ہیں۔ یہ اندازہ لگانے کے لیے آپ کے خیالات درست ہیں آپ کے بچے کے ساتھ بات چیت کرنا ایک اچھا طریقہ ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ اپنی تشویشات کا پہلے کسی دوسرے کے ساتھ اشتراک کریں، تو ایسے متعدد افراد اور تنظیمیں ہیں جن سے آپ مشورہ کر سکتے ہیں۔

— اپنے بچے کے اساتذہ، کسی دوست یا خاندان کے فرد سے بات کریں۔ کیا انھیں کچھ غیرمعمولی نظر آیا ہے؟
— آپ کے بچہ کے اسکول کی محافظ قیادت آپ کو بہترین اقدام سے متعلق مشورہ دے سکتی ہے
— آپ کی مقامی پولیس یا کونسل آپ کو اپنے بچہ کی حفاظت کرنے کے طریقہ سے متعلق مشورہ فراہم کر سکتے ہیں۔ اگر کسی جرم کا ارتکاب نہ کیا گیا ہو تو مقامی پولیس سے بات کرنے کی وجہ سے آپ کسی پریشانی میں نہیں پڑیں گے۔

اگر آپ کے خیال میں کوئی شخص فوری خطرہ میں ہے، یا اگر آپ کوئی ایسی چیز دیکھتے یا سنتے ہیں جو دہشت گردی-سے متعلق ہو سکتی ہے تو:

— **999** کو
— یا رازدارانہ دہشت گردی مخالف ہاٹ لائن کو **0800 789 321** پر کال کریں

6. میں اپنے بچے کو انتہاپسندی کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے کیا کر سکتا ہوں؟

اپنے بچے سے انتہاپسندی اور بنیادپرستی کے بارے میں بات کرنا اہم ہے۔ اپنے بچے کو حقائق بتلا کر آپ اسے انتہاپسندانہ دلائل کو چنوتی دینے میں مدد کر سکتے ہیں۔

اپنے بچے کے تئیں ایماندار ہونا اور انتہاپسندی اور بنیادپرستی کے بارے میں اس سے باضابطہ بات چیت کرتے رہنا اسے محفوظ رکھنے کا بہترین طریقہ ہے۔ یاد رکھیں کہ آپ کے بچے کی حفاظت اس کی آن لائن سرگرمی تک بھی وسیع ہے۔

انتہاپسند جماعتیں اپنے نظریہ کو پھیلانے کے لیے انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کا بھی استعمال کرتی ہیں۔ اپنے بچوں کو سکھائیں کہ بس اس وجہ سے کہ کوئی چیز حقیقت میں درست نہیں ہوجاتی ہے کہ وہ انٹرنیٹ پر موجود ہے۔

— اپنے بچے سے آن لائن محفوظ رہنے کے بارے میں بات کریں
— آپ کا بچہ جن سائٹوں کو دیکھتا ہے ان پر نظر رکھیں
— براؤزروں، گیمز اور سوشل میڈیا پر والدینی قابو نظام استعمال کریں جس سے آپ ان مواد کو چھانٹ اور ان کی نگرانی کر سکتے ہیں جنھیں آپ کا بچہ دیکھ سکتا ہے

7. کیا میرا بچہ بنیادپرستی کی زد پر ہے؟

بنیادپرستی کا شکار ہونے کا عمل ہر بچہ کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے لیکن کچھ عوامل ایسے ہیں جن کی وجہ سے نوجوان بنیادپرستی کا شکار ہو سکتے ہیں۔

ذاتی زدپذیری یا مقامی عوامل کی وجہ سے نوجوان شخص انتہاپسند پیغامات کے زیادہ خطرہ پر ہوتے ہیں۔

زدپذیریاں درج ذیل کو شامل ہو سکتی ہیں:

— تعلق نہ رکھنے والا ہونے کا احساس
— رویہ جاتی مسائل
— گھر کے مسائل
— خودتوقیری کی کمی
— مجرمانہ سرگرمی
— مجرموں کی تنظیم میں شامل ہونا

لوگوں کے انتہاپسندانہ اعتقادات کا شکار ہونے کے لیے ضروری نہیں ہے کہ بچے ان سے ملاقات کریں۔ نوجوان لوگوں کو بنیادپرستی کا شکار بنانے کے لیے انتہاپسند جماعتوں کے ذریعہ انٹرنیٹ کا استعمال آئے دن بڑھ رہا ہے۔

8. چینل کیا ہے؟

چینل ایک کثیر ایجنسی، رضاکارانہ پروگرام ہے جو ان لوگوں کی حفاظت کرتا ہے جن کی شناخت بنیادپرستی کی زد پر ہونے والے افراد کے طور پر کی گئی ہے۔ ریفرل کسی بھی ایسے شخص کی جانب سے آ سکتا ہے جو اپنے خیال میں کسی خطرہ کی زد پر ہونے والے شخص کے متعلق تشویش میں ہو۔ یہ کوئی مجرمانہ توثیق نہیں ہے اور یہ کسی شخص کے مجرمانہ ریکارڈ کو متاثر نہیں کرے گا۔

چینل پروگرام کے ایک جزء کے طور پر متعدد قسم کی معاونتیں دستیاب ہیں، جو تعلیمی، پیشہ وارانہ، ذہنی صحت اور دیگر زدپذیریوں کا حل پیش کرتی ہیں۔

www.gov.uk/government/case-studies/the-channel-programme

محکمہ تعلیم

انتہاپسندی مخالف ہیلپ لائن کے اہم رابطے:
020 7340 7264

@EducateAgainst

دہشت گردی مخالف ہاٹ لائن:
0800 789 321

چائلڈ لائن:
0800 1111

مزید معلومات اور معاونت تنظیمیں
www.educateagainsthate.com
پر مل سکتی ہیں